

## 14 اگست یوم پاکستان

تلاشنا ہے اسی وطن کو۔۔ اساس تھی لاالہ جس کی



## 14 اگست محض ایک دن نہیں:

یہ وہ دن ہے جب برصغیر پاک و ہند کی تاریخ نے ایک نئی فیصلہ کن کروٹ لی۔
مسلمانوں نے ایک جاں گسل جدوجہد کے بعد نا صرف یہ کہ برطانوی سامراج
کی دو سو سالہ غلامی بلکہ ہندو سامراج کے تسلط سے بھی نجات حاصل کی۔

## تحریک آزادی، پس منظر، جدوجہد:

-پس منظر

-یہ ملک جغرافیائی نوعیت کے بجائے ایک اصولی اور نظریاتی بنیاد پر حاصل کیا گیا۔

تاکہ مسلمان اپنی دینی، تہذیبی اور ملی شناخت اور اس کے مطابق آزادانہ

اپنے مستقبل کی تعمیر کر سکیں۔

## مقصد کیا تھا؟

- نہ عمارتیں، نہ پل، نہ کارخانے
- پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ
- قائداعظم نے فرمایا: پاکستان بننے میں 25 فیصد اس نعرے نے کام کیا۔

## قائداعظم اور دو قومی نظریہ:

11 اکتوبر 1947 کو حکومت پاکستان کے افسروں سے خطاب

پاکستان کو معرض وجود میں لانا مقصود بالذات نہیں بلکہ مقصد کے حصول کے ذریعے کا درجہ رکھتا ہے۔ ہمارا نصب العین یہ تھا کہ ہم ایسی مملکت کی تشکیل کریں جہاں ہم آزاد انسانوں کی طرح رہ سکیں، جو ہماری تہذیب وتمدن کی روشنی میں پھلے پھولے اور جہاں معاشرتی انصاف کے اسلامی اصولوں کو پوری طرح پنپنے کا موقع مل سکے

13 جنوری 1948 کو اسلامیہ کالج پشاور سے خطاب

اسلام ہماری زندگی اور ہمارے وجود کا بنیادی سرچشمہ ہے۔ ہم نے پاکستان کا مطالبہ ایک زمین کے ٹکڑے کے لئے نہیں کیا تھا بلکہ ہم ایسی تجربہ گاہ حاصل کرنا چاہتے تھے جہاں اسلام کے اصولوں کو آزما سکیں

14 فروری 1948 سبی دربار بلوچستان سے خطاب

میرا ایمان ہے کہ ہماری نجات کا واحد ذریعہ اس سنہری اصولوں والے ضابطہ حیات پر عمل کرنا ہے جو ہمارے عظیم پیغمبر اسلام نے ہمارے لئے قائم کر رکھا ہے۔ ہمیں اپنی جمہوریت کی بنیادیں سچے اسلامی اصولوں اور تصورات پر رکھنی چاہیے۔ اسلام کا سبق ہے کہ مملکت کے امور و مسائل کے بارے میں فیصلے باہمی مشوروں سے کیا کرو

## جس چیز نے قیام پاکستان ممکن بنایا:

آزادی کا جذبہ/ بے دریغ قربانی دی

دینی ،نظریہ حیات کی ترجیح

مخلص اور باصلاحیت اہل اور ایماندار قیادت

# مدینہ طیبہ اور پاکستان کی امتیازی شان:

مدینہ طیبہ: 8 ربیع الاوّل ۱۴ نبوت ہجرت کی ----------

پاکستان: 27 رمضان المبارک، جمعہ، شب قدر

مدینہ طیبہ اور پاکستان دونوں وہ ملک ہیں جو اسلام کے لئے قائم کئے گئے۔

دونوں کے نام ہم معنیٰ

سورۃ الانفال: آیت 26

اور (اُس وقت کو) یاد کرو جب تم زمین (مکہ) میں قلیل اور ضعیف سمجھے
جاتے تھے اور ڈرتے رہتے تھے کہ لوگ تمہیں اُڑا (نہ) لے جائیں
(یعنی بے جان و مال نہ کردیں) تو اُس نے تمہیں جگہ دی اور اپنی مدد
سے تمہیں تقویت بخشی اور پاکیزہ چیزیں کھانے کو دیں تاکہ (اُسکا) شکر کرو

# اللہ پاک نے پاکستان کو کون کون سی نعمتیں بخشیں:

- بہترین سمندر، پہاڑ، چار موسم بندرگاہیں، پھل، میوے
- گیس ,پیٹرول ,سونے, کوئلے کے ذخائر
- اسلامی آئین
- ایٹمی پاور
- نوجوانوں کا آبادی میں تناسب زیادہ

# ہماری حالت زار:

-اتنے وسائل ہیں تو پھر عوام مفلوک الحال کیوں؟

-پاکستان کشکول اٹھائے امداد کا منتظر

-یہ ملک کیوں ٹوٹا؟

-ایٹمی پاور ہو کر بھی کشمیر کی مدد نہ کر سکا

## ہدایت الٰہی :

سورۃ الانفال آیت آیت 27 سے 28

اے ایمان والو! نہ تو اللہ اور رسول کی امانت میں خیانت کرو اور نہ اپنی امانتوں میں خیانت کرو اور تم (ان باتوں کو) جانتے ہو۔ اور جان رکھو کہ تمہارا مال اور اولاد بڑی آزمائش ہے اور یہ کہ اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے

۔مومنو! اگر تم اللہ سے ڈرو گے تو وہ تمہارے لئے امر فارق پیدا کر دے گا (یعنی تمہیں ممتاز کر دے گا) اور تمہارے گناہ مٹا دے گا اور تمہیں بخشدے گا اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

## قومی منظرنامہ:

☆ کرپٹ اشرافیہ نے آمروں اور مفاد پرستوں کے ساتھ مل کر
پاکستان کے انتظامی ڈھانچے کو تباہ کیا

☆ کوئی ادارہ چور, لٹیروں, ظالموں سے خالی نہیں۔

☆ ملکی خزانہ لوٹ آگیا (مثالیں)

☆ مذہبی فرقہ واریت کی حوصلہ افزائی

☆ کرپشن کا منظّم نیٹ ورک

☆ سیاسی انتشار

☆ انتخابات، پارلیمنٹ، قومی ادارے بے وقعت ہوئے۔

- ☆ آئین کی پامالی
- ☆ امریکہ کا ساتھ دیا خودمختاری چھنی
- ☆ معیشت کی زبوں حالی، مہنگائی میں اضافہ
- ☆ گیس، بجلی، پانی کی سہولت سے محروم
- ☆ لاقانونیت، بدامنی
- ☆ عوام انصاف کو ترستے

سوال یہ ہے کہ:

کیا یہ ہے علامہ اقبال قائداعظم کے خوابوں کی تعمیر؟

کیا اس کے لیے مسلمانوں نے قربانی دی تھی؟

کیا اس لیے پاکستان حاصل کیا گیا تھا؟

ہم آزاد ہیں یا غلام؟

کب تک افسوس کرتے رہیں گے؟

# ہماری دینی واخلاقی اورقومی ذمہ داری:

پھر کیوں نہ ان قوموں میں سے تم سے پہلے گزر چکی ہیں ،ایسے اہل خیر موجود رہے جو ملک میں فساد سے روکتے ؟ ایسے لوگ نکلے بھی تو بہت کم جن کو ہم نے اُن میں سے بچالیا اور جو ظالم تھے وہ انہیں مزوں کے پیچھے لگے رہے جن کے سامان انہیں فراوانی کے ساتھ دیے گئے تھے اور وہ مجرم بن کر رہے

سورۃ ھود 116

حل کیا ہے؟

کونوا قوامین بالقسط

# جماعت اسلامی یہ عزم رکھتی ہے:

- ۔ علامہ اقبال کے خواب کوانشاءاللہ تعبیر دیں گے۔
- ۔قائداعظم کے نامکمل مشن کی تکمیل
- ۔اسلامی جمہوریت عوام کی فلاح کے لیے دن رات خدمت
- ۔ پاکستان کواسلامی اور خوشحال بنا کر دم لیں گے۔

# ہم ہر پاکستانی کو دعوت دیتے ہیں

- 14 اگست کے دن تجدید عہد کرے۔
- پاکستان کو مسائل سے نکالنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔
- قیام پاکستان کی جدوجہد کی طرح سرگرمی عمل ہو جائے۔
- اس جدوجہد میں جماعت اسلامی کا ساتھ دے۔

## جماعت اسلامی کی جدوجہد اسلام کی جدوجہد ہے:

- اللہ کے دین کے قیام اور غلبہ اسلام کی جدوجہد ہے
- اس کو زندگی کے ہر شعبہ میں میدان میں عمل نافذ کرنا چاہتی ہے۔
- بگاڑ کا حقیقی سبق اللہ آخرت سے بے نیازی اور رسول کریم ﷺ کی رہنمائی سے روگردانی ہے۔
- کوئی اصلاح اس کے بغیر ممکن نہیں ہے۔
- اس کو پاکستان کے نظام کی بنیاد بنایا جائے۔
- ہم خود اپنے ملک کو اسلامی نظام کا مثالی نمونہ بنادیں۔
- جس حق وصداقت پر ایمان رکھتے ہیں اس کو بہترین نظام ثابت کر کے دکھائیں۔
- ہمارے پاس کسی نعمت کی کمی نہیں اسلام کی کمی ہے۔
- جس سرزمین کو کلمہ کے نام کی سربلندی کے لیے حاصل کیا تھا۔ اس عہد کو پورا کریں۔

## پاکستان کی نظریاتی اساس کا تحفظ/جمہوری جدوجہد سے آئین پاکستان کی بالادستی:

جماعت اسلامی سمجھتی ہے کہ پاکستان میں اصلاح انقلاب اور تبدیلی کے لئے ایک ہی راستہ ہے آئینی اور انتخابی جدوجہد۔

- سامراجی قوتیں ہمیشہ غیر جمہوری نظام کی حمایت کرتی ہیں تا کہ ملک کا تشخص بدل ڈالیں۔
- جماعت اسلامی آئینِ پاکستان کی وفادار اور محافظ جماعت ہے۔
- ملک میں امریکہ کی وفاداروں کا نظام ہے۔ اللہ کا نظام نام نظر نہیں آتا۔
- آئینِ پاکستان قرآن وسنت کو سپریم لا قرار دیتا ہے۔
- آئین کی پامالی سود کا نظام ملک میں چلتا ہے۔
- سود اللہ اور اس کے رسول کے خلاف اعلان جنگ ہے۔

## مسئلہ کشمیر اور بھارتی جارحیت

کشمیر زمین کے ایک ٹکڑے کا حصول نہیں بلکہ ملک کے شہ رگ کی حفاظت کا مسئلہ ہے۔

بھارت کے ساتھ معاملات میں میں کور ایشو کشمیر کو گفتگو شنید کا مرکز محور قرار دیا جائے۔

خصوصاًپ 15 اگست 2019 کو بھارت کے غیر انسانی غیر قانونی غیر آئینی اقدام کو سفارتی محاذ پر بھارت کی کی گہری سازش اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی قرار دیا جائے۔حکومت پاکستان بیانیہ درست کرے ک۔

کشمیر پاکستان کا حصہ ہے جس پر بھارت نے غاصبانہ قبضہ کر لیا ہے

کشمیر کو ان کا حق خود ارادیت دیا جائے۔

ان کی مخصوص حیثیت کو فوری بحال کیا جائے۔

وزارت خارجہ کی پالیسی پر قومی سطح سے نظر ثانی کی ضرورت ہے۔

# اقتدار امانت دار اہل لوگوں کے ہاتھوں میں

مخلص اور اہل قیادت ہو تو:

قومیں آگے بڑھتی ہیں اور عروج کی طرف جاتی ہیں ہیں۔

قیادت مفاد پرست ہو تو:

بس اپنے مفاد کو قومی مفاد پر مقدم رکھتی ہیں۔

دوسروں کے سہارے چلتی ہیں۔

قوم زوال کا شکار ہو جاتی ہے۔

اچھے قوانین اور آئین بے اثر ہو جاتے ہیں۔

# انتخابات:

ملک کے لیے قیادت کی فراہمی کا بنیادی ذریعہ ہیں۔

عوام کی صحیح نمائندے کے منتخب کرنے کا واحد موقع

☆ پاکستان کے تمام تر بگاڑ کے ذمہ داری ہر اس فرد پر ہے جو اپنے ووٹ کو صحیح استعمال نہیں کرتا

☆ جماعت اسلامی پوری قوم کو ووٹ دینے کا شعور دینا چاہتی ہے۔

☆ تا کہ پاکستان امن وخوشحالی ترقی کی راہ پر گامزن ہو۔

# ملک میں احتسابی عمل:

ملک کے لیے خوش آئند ہے:

- احتساب عدالتوں کے تحت مجرموں کو سزا دی جائے۔
- جماعت اسلامی 1996 سے احتساب کی تحریک چلا رہی ہیں۔
- قاضی حسین احمد کے زمانے میں دھرنے دینے موجودہ امیر جماعت کی قیادت میں کرپشن فری پاکستان تحریک زور و شور سے چلائی گئی۔
- پانامہ لیکس میں شامل تمام کرپٹ افراد کے خلاف صرف سب سے پہلے سپریم کورٹ میں پٹیشن دائر کی کی۔
- حقیقت عوام کے سامنے آئے قومی خزانے پر کیسے، کس طرح ڈاکے ڈالے گئے۔ اربوں کھربوں کی منی لانڈرنگ و جعلی اکاؤنٹ سامنے آئے۔

## تاہم جماعت اسلامی سمجھتی ہے:

اب تک کا یہ احتسابی عمل نہ مکمل، ناقص اور یکطرفہ ہے۔

حکومتی چشم پوشی احتسابی کے عمل کو مشکوک بنا رہی ہے۔

یہ طرز عمل ظالموں کو مظلوم بنانے کے کا باعث بن رہا ہے۔

مجرموں کو کو قرار واقعی سزا دی جائے۔

لوٹی رقم واپس کی جائے۔

## امید بنو تعمیر کرو سب مل کر پاکستان کی

ہماری دعوت: دعوت الی اللہ ہے۔

جماعت اسلامی کا عزم: خلق خدا کی خدمتہ ہے۔

جماعت اسلامی کا مقصد: پاکیزہ، پُر امن اسلامی معاشرے کی تشکیل ہے۔

جماعت اسلامی کی پہچان: امانت و دیانت ہے۔

جماعت اسلامی کی سیاست: اسلامی امت مسلمہ پاکستان اور قوم کے مفاد کی سیاست ہے۔

قوم کی امید: ہر شکل میں جماعت اسلامی سے وابستہ ہوئی۔

جماعت اسلامی کی قیادت: نے ہمیشہ مثبت کردار ادا کر دیا۔

قوم سے اپیل:

☆ فرض پہچانے

☆ ملک سنواریں۔

☆ جماعت اسلامی پر اعتماد کیجیے۔

☆ جماعت اسلامی کا ساتھ دیجیے۔

☆ جماعت اسلامی کو ووٹ دیجیے۔

☆ ہمیشہ یاد رکھیں اسلامی پاکستان ہی خوشحال پاکستان ہے۔


جماعت اسلامی حلقہ خواتین پاکستان